ACT میں کثیرالثقافتی معاشرت کو تسلیم کرنے اور فروغ دینے کے لیے نیا مجوّزہ قانون



ACT کی حکومت 2021 کے دوران ایک نیا قانون بنانے والی ہے جسے ACT کا کثیر الثقافتی معاشرت کو تسلیم کرنے کا ایکٹ (ACT Multicultural Recognition Act) کہا جا رہا ہے۔ یہ نیا قانون ACT میں کثیر الثقافتی معاشرت کے لیے ACT حکومت کے پختہ عزم کا اظہار ہے۔

اب مشاورتی عمل شروع ہو چکا ہے اور یہ مئی 2021 کے اوائل میں ختم ہو جائے گا۔

مشاورتی عمل کے مقاصد یہ ہیں:

- کثیر الثقافتی معاشرت کو تسلیم کرنے کے مجوّزہ ایکٹ کی تشکیل کے متعلق کمیونٹی کی آگہی بڑھانا؛
- کینبرا کے تہذیبی و لسانی لحاظ سے متنوّع باشندوں کے ساتھ کام کرنے والی تنظیموں کو معلومات دینا اور شریک کار بنانا؛ اور
- قانون سازی کے عمل میں ACT کے تمام رہائشیوں سے آراء اور بصیرت حاصل کرنا۔

نئے قانون میں تین مرکزی عناصر ہوں گے۔ ان میں ملٹی کلچرل چارٹر، ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل اور ایک ایسا فریم ورک شامل ہے جو حکومت کی ترجیحات کے تعیّن اور کمیونٹی کو واپس رپورٹنگ کرنے میں معاون ہے۔ ان کی وضاحت ذیل میں دی جا رہی ہے۔

ملٹی کلچرل چارٹر

ان 'کلیدی اصولوں' کو اجاگر کرنے والا ملٹی کلچرل چارٹر تشکیل دیا جائے گا جو کثیر الثقافتی معاشرت کی پالیسی میں معاونت دینے کے لیے ضروری ہیں۔ حکومتیں، کاروبار اور کمیونٹیاں یہ جانچنے کے لیے ان کلیدی اصولوں کو استعمال کر سکتی ہیں کہ آیا ہماری ACT کی کمیونٹی میں کثیر الثقافتی معاشرت کو فروغ دیا جا رہا ہے۔

ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل

نئے قانون میں ایک ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل شامل ہو گی جس کا تعیّن اس وقت وزیر کرتا ہے۔ کاؤنسل کا کردار ACT کے وزیر برائے کثیر الثقافتی امور کو کئی مختلف معاملات اور موضوعات پر مشورہ دینا ہے۔ مشاورتی عمل سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں کاؤنسل کے فرائض اور ساخت کا تعیّن ہو گا۔

ترجیحات کے تعیّن اور رپورٹنگ کا فریم ورک

نیا قانون ACT کی حکومت اور اس کے اداروں کو ترجیحات کے تعیّن اور ACT کی کمیونٹی کے لیے پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کی تشکیل، فراہمی اور جانچ کے لیے رہنمائی مہیا کرے گا۔ یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ نیا قانون اداروں کو متفقہ بہ ترجیحات پر عملدرآمد کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی برائے علم عامّہ رپورٹنگ کا پابند کرے گا۔

آپ کس طرح شامل ہو سکتے ہیں اور مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں

www.communityservices.act.gov.au/ پر جائیں اور کمیونٹی کی مشاورتی ورکشاپ میں جانے کے لیے رجسٹر کریں

multiculturalaffairs@act.gov.au پر ای میل کر کے سوالات پوچھیں multicultural/multicultural-recognition

https://www.yoursay.act.gov.au/multicultural-recognition-act پر سروے مکمل کریں

ACT میں کثیرالثقافتی معاشرت کو تسلیم کرنے اور فروغ دینے کے لیے نیا مجوّزہ قانون



مشاورت کے لیے ACT ملٹی کلچرل چارٹر کا خاکہ

ACT دنیا کی عظیم ترین کثیر الثقافتی کمیونٹیوں میں شامل ہونے کے لیےسرگرم عمل ہے۔

ہم اپنی اولّین قوموں کے لوگوں کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کے ورثے، تہذیب و ثقافت اور ACT اور ریجن کے لیے ان کے مسلسل کردار کا اعتراف کرتے ہیں۔ ہم مفاہمت کو فروغ دیتے ہیں اور تسلیم کرتے ہیں کہ یہ دھرتی ہمیشہ ایبوریجنل دھرتی تھی اور ہمیشہ ایبوریجنل دھرتی رہے گی۔

ہم ACT کے تمام رہائشیوں کی قدر کرتے ہیں اور ہم سب اپنے ٹیریٹری کوزندگی گزارنے کے لیے ہم آہنگی اور احترام کا حامل مقام بنانے میں معاون ہو سکتے ہیں جہاں ہم اپنے انسانیت کے رشتے کی خوشی منائیں اور اس سلسلے میں ایک دوسرے کے بارے میں سیکھیں اور دوستی کا ہاتھ بڑھائیں۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہم سب اپنے کام کے مقامات اور تنظیموں کے ذریعے، بحیثیت افراد بھی اور اجتماعی طور پر بھی، ACT کے معاشرے میں سب کو شامل کرنے اور احترام کی فضا کو فروغ دینے میں اپنا اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

ہم میں سے ہر ایک اپنے ان مشترکہ اصولوں کو تسلیم کرتا ہے:

- آسٹریلیا اور ACT کے ساتھ ایک مشترکہ عہد؛
- قانون کی حکمرانی کے ساتھ مشترکہ عہد؛
- تہذیبی، لسانی اور مذہبی تنوّع کے اظہار کی آزادی؛
- پس منظر سے قطع نظر باہمی احترام؛ اور
- شرکت کا مساوی موقع۔

ایک کثیر الثقافتی کمیونٹی کی حیثیت سے ہم کثیر الثقافتی معاشرت کی حمایت ان طریقوں سے جاری رکھیں گے:

- کثیر الثقافتی کمیونٹی کے لیے خدمات کو قابل رسائی اور ضروریات پوری کرنے والی بنانا؛
- فعال شہری کردار، شرکت اور سماجی وابستگی کو فروغ دینا؛
- تہذیبی تنوّع کے ثمرات سے فائدہ اٹھانا؛
- ہماری تنظیموں، ایجنسیوں اور اداروں کے لیے وہ مواقع پیدا کرنا جن سے وہ کثیر الثقافتی معاشرت کے فلسفے اور اس کے ثمرات کو بہتر طور پر اپنائیں، فروغ دیں اور اس کے علمبردار بنیں؛ اور
- ہماری متنوّع کثیر الثقافتی کمیونٹیوں کو ترقی کرنے اور ہمارے عظیم شہر کے لیے فعال کردار ادا کرنے میں مدد دینا۔

کلیدی سوالات:

1. **ہمارے ACT ملٹی کلچرل چارٹر میں کیا شامل ہونا چاہیے؟**
2. **چارٹر میں ACT کے ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر رہائشیوں کو کیسے شامل کیا جانا چاہیے؟**
3. **کیا ACT چارٹر میں شامل کرنے کے لیے یہاں مذکور اصولوں کے علاوہ بھی بعض اصولوں کو شامل کرنے پر غور کرنا چاہیے؟**
4. **ایک کمیونٹی کی حیثیت سے ہماری امنگ اور/یا ہماری تمنائیں کیا ہونی چاہییں؟**

ACT میں کثیرالثقافتی معاشرت کو تسلیم کرنے اور فروغ دینے کے لیے نیا مجوّزہ قانون



ACT ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کے ممکنہ قانونی فرائض

ACT ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کے فرائض ان معاملات میں وزیر کو مشورہ دینا ہیں:

- تہذیبی و لسانی متنوّع پس منظر رکھنے والے کینبرا کے باشندوں کے لیے مواقع بڑھانا اوررکاوٹیں کم کرنا تاکہ وہ ACT کی سماجی، تہذیبی، معاشی اور شہری زندگی میں فعال طور پر شریک ہو سکیں؛
- ACT کی کثیر الثقافتی کمیونٹیوں کو سرکاری خدمات فراہم کرنے کا طریقہ بہتر بنانا؛
- ACT کی متنوّع کثیر الثقافتی کمیونٹیوں کی ضروریات کے تعیّن کے لیے موکار مشاورت؛
- تارکین وطن کی کمیونٹیوں اور بالخصوص پناہ گزینوں اور پناہ کے درخواست گزاروں کی ضروریات، ان کے ACT کمیونٹی کا حصہ بننے کے عمل اور اس عمل کو بہتر بنانے کے مواقع شناخت کرنے کے حوالے سے؛
- ACT اور اس کے گوردیجنوں میں ہم آہنگی کے حامل سماجی تعلقات کو فروغ دینا؛ اور
- وزیر کی ہدایت کے مطابق دیگر فرائض۔

نیز، تجویز کیا جاتا ہے کہ کاؤنسل:

- کمیونٹی کی ضروریات کے تعیّن کے لیے متعلقہ اداروں اور نمائندوں کے ساتھ مشاورت انجام دے گی۔

کلیدی سوال:

1۔ ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کے فرائض کیا ہونے چاہییں؟

ACT میں کثیرالثقافتی معاشرت کو تسلیم کرنے اور فروغ دینے کے لیے نیا مجوّزہ قانون



ACT ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کی ممکنہ ساخت

- کاؤنسل کے اراکان کی تعداد 9 سے 11 کے درمیان ہو گی
- اراکان کو 3 سال کے دور کے لیے متعیّن کیا جائے گا
- اراکان کی تعیّناتی دو مختلف اوقات پر ہو گی یعنی اراکان کی نصف تعداد ہر 18 مہینے بعد بدل جائے گی
- کاؤنسل کے اراکان لگاتار 2 ادوار سے زیادہ عرصہ خدمات انجام نہیں دے سکتے
- کاؤنسل کے سربراہ اور نائب سربراہ کو معاوضہ ملے گا اور معاوضے کا تعیّن ACT میں معاوضہ جات کا ٹرائبیونل کرے گا
- 5 سال عمل میں رہنے کے بعد قانون پر نظر ثانی کی جائے گی
- کاؤنسل کے اراکان کو وزیر ضوابط کے ذریعے نمایاں کرے گا۔ وزیر کئی عوامل کو پیش نظر رکھے گا جیسے افراد کا تہذیبی پس منظر، صنف، عمر اور عصر حاضر کے معاملات میں قابلیت۔ وزیر مندرجہ ذیل شعبوں میں قابلیت رکھنے والے نمائندوں پر غور کر سکتا ہے۔

- کمیونٹی کی زبانوں کے سکول
- کمیونٹی کی ترقی
- کمیونٹی کے نمائندوں کے ادارے
- مذہبی گروہ
- نوجوان
- فنون و ثقافت
- مختلف عمریں اور نسلیں
- نئی ابھرنے والی کمیونٹیاں
- تارکین وطن کی آبادکاری
- کمیونٹیوں اور نسلوں کے تعلقات
- لسانی خدمات
- زبانی اور تحریری مترجمین
- قیادت
- کاروبار

کلیدی سوالات:

1. **ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کی تعیّناتی کا دور کتنے عرصے پر محیط ہونا چاہیے؟**
2. **کاؤنسل کے ایکٹ کن کے لیے زیادہ سے زیادہ کتنے ادوار یا کتنے سال خدمات انجام دینا ممکن ہونا چاہیے؟**
3. **کیا ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کی میٹنگوں کے بعد میٹنگوں کا خلاصہ عوام کے لیے دستیاب ہونا چاہیے؟**
4. **اگر کسی شعبے میں لیاقت کو کاؤنسل سازی میں ترجیح دی جانی چاہیے تو یہ کونسی لیاقت ہے؟**
5. **کیا کوئی دوسرے معاملات ہیں جن پر ایکٹ میں ملٹی کلچرل ایڈوائزری کاؤنسل کا نظم و نسق طے کرتے ہوئے غور کرنا چاہیے؟**

سب کی رسائی میں

ACT کی حکومت اپنی جانب سے معلومات، خدمات، پروگراموں اور مقامات کو ہر ممکن حد تک زیادہ لوگوں کے لیے قابل رسائی بنانے کا عزم رکھتی ہے۔

اگر آپ کو عام چھپی ہوئی دستاویزات پڑھنے میں مشکل ہوتی ہے اور آپ کسی **متبادل صورت** میں یہ اشاعت حاصل کرنا چاہتے ہیں – جیسے بڑے پرنٹ یا آڈیو کی صورت میں – تو براہ مہربانی **6205 0282 (02)** پر فون کریں۔

اگر انگلش آپ کی پہلی زبان نہیں ہے اور آپ کو **تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات** درکار ہیں – تو براہ مہربانی **131 450** پر فون کریں۔

اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا کمزور سماعت رکھتے ہیں اور آپ کو **نیشنل ریلے سروس** کی ضرورت ہے تو **133 677 پر فون کر کے پھر 133 427 ملانے کو کہیں۔**